بسم اللہ الرحمن الرحیم اِنَّ اللّٰهَ وَ مَلٰٓئِكَتَهٗ يُصَلُّوْنَ عَلَى النَّبِیِّ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا

اللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْكَ یَا رَسُوْلَ اللّٰہ

مجموعہ درود پاک

مصطفیٰ جانِ رحمت پہ
لاکھوں سلام

اردو ترجمہ

استاذ العلماء الحافظ القاری مفتی حضرت علامہ **محمد عرفان اللہ** قادری اشرفی

شیخ الحدیث جامعہ ہجویریہ داتا گنج بخش لاہور
خطیب جامع مسجد غوثیہ رضویہ 225 Q بلاک ماڈل لاہور

ناشر
حافظ محمد مظاہر اشرف
0302-4116567

درودِ پاک کے فضائل

☆ حضرت عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا أَوْلَى النَّاسِ بِي يَوْمَ الْقِيَامَةِ أَكْثَرُهُمْ عَلَيَّ صَلَاةً
(ترمذی حدیث نمبر ۴۸۴)

’’قیامت کے دن لوگوں میں سب سے زیادہ میرے قریب وہ شخص ہوگا جس نے ان میں سب سے زیادہ مجھ پر درود بھیجا ہوگا۔‘‘

☆ حضرت عبد اللہ بن عباس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا مَنْ نَّسِيَ الصَّلٰوةَ عَلَيَّ أَخْطأَ طَرِيْقَ الْجَنَّةِ
(سنن ابن ماجہ: حدیث نمبر ۹۰۸)

’’جو مجھ پر درود پاک پڑھنا بھول گیا یعنی اس کا تارک ہوگیا وہ راہِ جنت سے بھٹک گیا۔‘‘

☆ حضرت اُبَی بن کعب رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ میں نے عرض کیا: يَارَسُوْلَ اللهِ إِنِّي أُكْثِرُ الصَّلَاةَ عَلَيْكَ فَكَمْ أَجْعَلُ لَكَ مِنْ صَلَاتِي ’’یارسول اللہ ﷺ! میں آپ پر کثرت سے درود پڑھتا ہوں پس میں آپ پر کتنا درود بھیجا کروں؟ آپ ﷺ نے فرمایا: مَا شِئْتَ ’’تو جتنا چاہے۔‘‘ میں نے عرض کیا! اَلرُّبُعَ؟ ’’ایک چوتھائی مقرر کردوں؟ آپ ﷺ نے فرمایا: مَا شِئْتَ فَإِنْ زِدْتَ فَهُوَ خَيْرٌ لَّكَ۔ ’’تو جس قدر چاہے لیکن اگر تو درود شریف بڑھالے تو تیرے لیے بہتر ہوگا۔‘‘ میں نے عرض کیا: فَالنِّصْفَ؟ ’’آدھا حصہ خاص کردوں؟‘‘ آپ ﷺ نے فرمایا: مَا شِئْتَ وَإِنْ زِدْتَ فَهُوَ خَيْرٌ لَّكَ ’جس قدر تیری مرضی ہو لیکن اگر تو درود شریف میں اضافہ کرلے تو یہ تیرے لیے بہتر ہوگا۔‘‘ میں نے عرض کیا: فَالثُّلُثَيْنِ؟ ’’دوتہائی مقرر کردوں؟‘‘ فرمایا: مَا شِئْتَ فَإِنْ زِدْتَ

فَهُوَ خَيْرٌ لَكَ "جو تیری مرضی مگر زیادہ کرے تو وہ اور بہتر ہے۔" میں نے عرض کیا: أَجْعَلُ لَكَ صَلَاتِي كُلَّهَا؟ "میں اپنے تمام اوقات دعا اور اوراد ووظائف کی ساعات آپ ﷺ پر درود بھیجنے کے لیے خاص کرتا ہوں" آپ ﷺ نے فرمایا: إِذًا تُكْفَى هَمَّكَ وَيُغْفَرُ لَكَ ذَنْبُكَ "پھر تو یہ درود ہی تمہارے سب غموں کو دور کرنے کے لیے کافی ہو جائے گا اور تمہارے سب گناہ معاف کر دیے جائیں گے۔

(ترمذی شریف حدیث نمبر ۲۴۵۷)

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ
مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ
وَعَلٰى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ
اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ
مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى
اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ

اَلصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰه
وَعَلٰى اٰلِكَ وَاَصْحَابِكَ يَا حَبِيْبَ اللّٰه

درودِ تاج

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا وَ مَوْلَانَا

یا اللہ! ہمارے آقا ومولی محمد ﷺ پر درود بھیج جو تاجدار خلائق،

مُحَمَّدٍ صَاحِبِ التَّاجِ وَالْمِعْرَاجِ وَالْبُرَاقِ وَالْعَلَمِ دَافِعِ الْبَلَآءِ

صاحب معراج، براق والے اور جھنڈے والے ہیں۔ جو بلاؤں مصیبتوں،

وَالْوَبَآءِ وَالْاَعْدَآءِ وَالظُّلَمَآءِ وَالْقَحْطِ وَالْقَرْضِ وَالْمَرَضِ

وباؤں، دشمنوں، تاریکیوں، قحط سالیوں اور قرضوں کو نیز مرض

وَالسَّقَمِ وَالْحُزْنِ وَالْاَلَمِ اِسْمُہٗ مَکْتُوْبٌ مَّرْفُوْعٌ مَّشْفُوْعٌ

وسقم اور رنج والم کو (باذن اللہ) دور کرنے والے ہیں۔ جن کا نام نامی (ہر جگہ) لکھا ہوا بلند کیا ہوا (اللہ کے نام کے ساتھ)

مَّنْقُوْشٌ فِی اللَّوْحِ وَالْقَلَمِ سَیِّدِ الْعَرَبِ وَالْعَجَمِ صَاحِبِ

ملا ہوا اور لوح وقلم میں نقش کیا ہوا ہے۔ عرب وعجم کے سردار ہیں۔

الْحَیَآءِ وَالسَّخَآءِ وَالْعَطَآءِ وَالْوَفَآءِ وَالشِّفَآءِ وَالْعِلْمِ وَالْحِلْمِ

شرم وحیا کے پیکر، سراپا سخاوت، عطاء، وفا اور شفاء والے، صاحب علم وحلم،

وَالْفَضْلِ وَ الْکَمَالِ وَالْحُسْنِ وَالْجَمَالِ وَالشَّرَفِ وَالْفَیْضِ

صاحب فضل وکمال، صاحب حسن و جمال، شرف و بزرگی اور فیض کے سرچشمہ،

وَاللُّطْفِ وَالْاِحْسَانِ وَالْجُوْدِ وَالْکَرَمِ جِسْمُہٗ مُقَدَّسٌ طَیِّبٌ

لطف واحسان اور بخشش وکرم کی کان ہیں۔ جن کا جسم مقدس، طیب و

طَاھِرٌ مُعَطَّرٌ مُّطَھَّرٌ مُّنَوَّرٌ مُّعَنْبَرٌ فِی الْبَیْتِ وَالْحَرَمِ شَمْسِ

طاہر، معطر ومطہر اور بیت اللہ اور حرم نبوی میں منور و معنبر ہے۔ جو چاشت کے آفتاب،

الضُّحٰی بَدْرِ الدُّجٰی صَدْرِ الْعُلٰی نُوْرِ الْھُدٰی کَھْفِ الْوَرٰی

سیاہ رات میں چودھویں کے چاند، بلند مراتب میں صدر نشین، ہدایت کے نور، مخلوق کی پناہ گاہ،

مِصْبَاحِ الظُّلَمِ جَمِيْلِ الشِّيَمِ شَفِيْعِ الْأُمَمِ صَاحِبِ الْجُوْدِ

تاریکیوں کے چراغ نور، خوب ترین عادت والے اور تمام امتوں کے شفیع ہیں، بخشش وکرم

وَالْكَرَمِ وَاللّٰهُ عَاصِمُهٗ وَجِبْرِيْلُ خَادِمُهٗ وَالْبُرَاقُ مَرْكَبُهٗ

کے ساتھ موصوف ہیں اور اللہ تعالیٰ جن کا محافظ ہے، جبریلؑ جن کا خادم ہے، براق جن کی سواری ہے

وَالْمِعْرَاجُ سَفَرُهٗ وَسِدْرَةُ الْمُنْتَهٰى وَمَا فَوْقَهَا مَقَامُهٗ وَقَابَ قَوْسَيْنِ

معراج جن کا سفر ہے، سدرۃ المنتہیٰ اور اس سے مافوق جن کا مقام ہے، قاب قوسین

اَوْ اَدْنٰى مَطْلُوْبُهٗ وَالْمَطْلُوْبُ مَقْصُوْدُهٗ وَالْمَقْصُوْدُ مَوْجُوْدُهٗ

اوادنیٰ جن کا مطلوب ہے اور مطلوب ہی آپ کا مقصود ہے، مقصود آپ کا موجود ہے

وَالْمَوْجُوْدُ مَعْبُوْدُهٗ وَالْمَعْبُوْدُ رَبُّهٗ سَيِّدِ الْمُرْسَلِيْنَ خَاتَمِ النَّبِيِّيْنَ

موجود آپ کا معبود ہے اور معبود آپ کا رب ہے۔ سب رسولوں کے سردار تمام نبیوں کے بعد آنے والے

شَفِيْعِ الْمُذْنِبِيْنَ اَنِيْسِ الْغَرِيْبِيْنَ رَحْمَةٍ لِّلْعٰلَمِيْنَ رَاحَةِ

گناہگاروں کی شفاعت کرنے والے، غریبوں کے غم خوار، سب جہانوں کے لیے سراپا رحمت، عاشقوں

الْعَاشِقِيْنَ مُرَادِ الْمُشْتَاقِيْنَ شَمْسِ الْعَارِفِيْنَ سِرَاجِ السَّالِكِيْنَ

کے لیے سامانِ راحت، مشتاقوں کی مراد، اہلِ عرفان کے آفتاب، اہلِ سلوک کے روشن

مِصْبَاحِ الْمُقَرَّبِيْنَ مُحِبِّ الْفُقَرَآءِ وَالْغُرَبَآءِ وَالْيَتٰمٰى وَالْاَرَامِلِ

چراغ، مقرب لوگوں کے لیے چراغ نور، محتاجوں، غریبوں، یتیموں، بیواؤں اور مسکینوں

وَالْمَسَاكِيْنِ سُرُوْرِ قُلُوْبِ الْمَحْزُوْنِيْنَ سَيِّدِ الثَّقَلَيْنِ نَبِيِّ

کے محب ہیں۔ غمزدہ لوگوں کے حزیں دلوں کا چین و سرور ہیں۔ جن وانس کے سردار

الْحَرَمَيْنِ اِمَامِ الْقِبْلَتَيْنِ وَسِيْلَتِنَا فِي الدَّارَيْنِ صَاحِبِ قَابَ

حرمین کے نبی، (بیت المقدس اور کعبہ) دونوں قبلوں کے امام۔ جو دارین میں ہمارے

قَوْسَيْنِ مَحْبُوْبِ رَبِّ الْمَشْرِقَيْنِ وَالْمَغْرِبَيْنِ جَدِّ الطَّيِّبَيْنِ

وسیلہ ہیں۔ مرتبۂ قاب قوسین پر فائز ہیں، دو مشرقوں اور دو مغربوں کے رب کے محبوب ہیں دو طیب وطاہر (پاکیزہ)

الطَّاهِرَيْنِ السَّعِيْدَيْنِ الشَّهِيْدَيْنِ الْقَمَرَيْنِ النَّيِّرَيْنِ الْحَسَنِ

سعادت مند شہیدوں اور چمکتے دمکتے ماہتابوں حسنین کریمین کے نانا جان ہیں ہمارے اور

وَالْحُسَيْنِ مَوْلَانَا وَمَوْلَى الثَّقَلَيْنِ اَبِي الْقَاسِمِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ

تمام جن وانس کے مولیٰ وآقا ہیں ہمارے سید وسردار ابوالقاسم محمد ﷺ جو حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ

بْنِ عَبْدِاللّٰهِ نُوْرٍ مِّنْ نُّوْرِ اللّٰهِ يٰاَيُّهَا الْمُشْتَاقُوْنَ بِنُوْرِ جَمَالِهٖ

کے فرزند ہیں اللہ کے نور میں سے ایک نور ہیں اے آپ ﷺ کے نور جمال کے مشتاقو!

بَلَغَ الْعُلٰى بِكَمَالِهٖ	وہ اپنے کمال کی بدولت بلندیوں تک پہنچے
كَشَفَ الدُّجٰى بِجَمَالِهٖ	تاریکیوں کو اپنے جمال سے دور کیا
حَسُنَتْ جَمِيْعُ خِصَالِهٖ	ان کی تمام خصلتیں سراپا حسن بن گئیں
صَلُّوْا عَلَيْهِ وَ اٰلِهٖ	آپ ﷺ پر اور آپ ﷺ کی آل پر درود ہو

درودِ تُنَجِّيْنَا

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تُنَجِّيْنَا بِهَا

یااللہ! تو ہمارے آقا حضرت محمد ﷺ پر اور آپ ﷺ کی آل پر ایسا درود بھیج جس کے ذریعے تو ہمیں تمام

مِنْ جَمِيْعِ الْاَهْوَالِ وَالْاٰفَاتِ وَتَقْضِيْ لَنَا بِهَا جَمِيْعَ الْحَاجَاتِ

ہولناکیوں اور آفتوں سے نجات عطا فرمادے اور جس کے سبب تو ہماری سب حاجتیں پوری فرمادے

وَتُطَهِّرُنَا بِهَا مِنْ جَمِيْعِ السَّيِّئَاتِ وَتَرْفَعُنَا بِهَا عِنْدَكَ اَعْلَى الدَّرَجَاتِ

اور جس کی برکت سے تو ہمیں تمام گناہوں سے پاک کردے اور جس کے توسل سے

وَتُبَلِّغُنَا بِهَا أَقْصَى الْغَايَاتِ مِنْ جَمِيْعِ الْخَيْرَاتِ فِي الْحَيٰوةِ وَ بَعْدَ

تو ہمیں اپنے ہاں بلند درجوں پر فائز کردے اور جس کے طفیل تو ہمیں اس زندگی میں اور

الْمَمَاتِ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ

مرنے کے بعد بھی تمام بھلائیوں کی آخری حدود تک پہنچادے۔ بے شک تو ہر چیز پر قادر ہے

نوٹ: درود تنجینا فتوحاتِ غیبیہ، قضاءِ حاجات، حلِّ مشکلات اور ردِّ بلیات میں اکسیر ہے اور اس کی تاثیر مسلّم اور مشہور ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ الْمُطَهِّرِ الْمُطَهَّرِ الْاَطْهَرِ الطَّاهِرِ

اے اللہ! تو ہمارے سردار محمد ﷺ اور ہمارے سردار محمد ﷺ کی آل پر درود بھیج جو کہ پاک کرنے والے ہیں، خود پاک ہیں اور اطہر وطاہر ہیں

درودِ لکھی

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی

یا اللہ! تو ہمارے آقا ومولیٰ محمد ﷺ اور آپ ﷺ کی

اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ رَحْمَةِ اللّٰهِ

آل پر اپنی رحمت کی گنتی کے برابر درود وسلام نازل فرما۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا وَ مَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی

یا اللہ! تو ہمارے آقا ومولیٰ محمد ﷺ اور آپ ﷺ کی

اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ فَضْلِ اللّٰهِ

آل پر اپنے فضل کے شمار کے مطابق رحمت کاملہ اور سلامتی نازل فرما۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی

یا اللہ! تو ہمارے آقا ومولیٰ محمد ﷺ اور آپ ﷺ کی

اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ خَلْقِ اللّٰهِ

آل پر اپنی مخلوقات کی تعداد کے برابر صلوات وسلامتی نازل فرما۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا وَ مَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی

یا اللہ ! تو ہمارے آقا ومولیٰ محمد ﷺ اور آپ ﷺ کی

اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ عِلْمِ اللّٰهِ

آل پر اپنی معلومات کی تعداد کے مطابق صلوات وتسلیمات نازل فرما۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی

یا اللہ ! تو ہمارے آقا ومولیٰ محمد ﷺ اور آپ ﷺ کی

اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ کَلِمَاتِ اللّٰہِ

آل پر اپنے کلمات کی گنتی کے مطابق صلوٰۃ وسلام نازل فرما۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا وَ مَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی

یااللہ !تو ہمارے آقا ومولیٰ محمد ﷺ اور آپ ﷺ کی

اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ کَرَمِ اللّٰہِ

آل پر اپنے کرم اور بزرگی کے حساب سے درود وسلام بھیج۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا وَ مَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی

یااللہ ! تو ہمارے آقا و مولیٰ محمد ﷺ اور آپ ﷺ

اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ حُرُوْفِ کَلَامِ اللّٰہِ

کی آل پر کلام اللہ کے حرفوں کی تعداد کے مطابق صلوٰۃ وسلام بھیج۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا وَ مَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی

یااللہ ! تو ہمارے آقا و مولیٰ محمد ﷺ اور آپ ﷺ کی

اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ قَطَرَاتِ الْاَمْطَارِ

آل پر اتنے درود وسلام بھیج جتنے بارشوں کے قطرے ہیں۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی

یااللہ ! تو ہمارے آقا ومولیٰ محمد ﷺ اور آپ ﷺ کی

اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ اَوْرَاقِ الْاَشْجَارِ

آل پر اتنے درود وسلام بھیج . درختوں کے پتے ہیں

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی

یااللہ ! تو ہمارے آقا ومولیٰ محمد ﷺ اور آپ ﷺ

اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ رَمْلِ الْقِفَارِ

کی آل پر صحراؤں کی ریت کے ذرات کے برابر درود وسلام نازل فرما۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی

یا اللہ! تو ہمارے آقا و مولیٰ محمد ﷺ اور آپ ﷺ کی

اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ مَا خُلِقَ فِی الْبِحَارِ

آل پر سمندروں کی مخلوقات کی گنتی کے مطابق درود وسلام نازل فرما۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی

یا اللہ! تو ہمارے آقا و مولیٰ محمد ﷺ اور آپ ﷺ کی

اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ الْحُبُوْبِ وَالثِّمَارِ

آل پر دانوں اور پھلوں کی تعداد میں درود وسلام نازل فرما۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی

یا اللہ! تو ہمارے آقا و مولیٰ محمد ﷺ اور آپ ﷺ کی

اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ اللَّیْلِ وَالنَّھَارِ

آل پر راتوں اور دنوں کی گنتی میں صلوٰۃ وسلامتی بھیج۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ

یا اللہ! تو ہمارے آقا و مولیٰ محمد ﷺ اور آپ ﷺ کی آل پر ان

سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ مَا اَظْلَمَ عَلَیْهِ اللَّیْلُ وَاَشْرَقَ عَلَیْهِ النَّھَارُ

چیزوں کی تعداد کے برابر درود وسلام بھیج جن پر رات تاریک ہوئی اور جن پر دن روشن ہوا۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی

یا اللہ! تو ہمارے آقا و مولیٰ محمد ﷺ اور آپ ﷺ کی

اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ مَنْ صَلّٰی عَلَیْهِ

آل پر ان لوگوں کی گنتی کے برابر درود وسلام بھیج جنھوں نے آپ ﷺ پر درود پڑھا۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی

یا اللہ! تو ہمارے آقا و مولیٰ محمد ﷺ اور آپ ﷺ کی

اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ مَنْ لَّمْ يُصَلِّ عَلَيْهِ

آل پر ان کی تعداد کے برابر درود وسلام بھیج جنہوں نے درود نہیں پڑھا۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى

یااللہ! تو ہمارے آقا ومولیٰ محمد ﷺ اور آپ ﷺ کی

اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ اَنْفَاسِ الْخَلَآئِقِ

آل پر مخلوقات کی سانسوں کے برابر درود وسلامتی کا نزول فرما۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى

یااللہ! تو ہمارے آقا ومولیٰ محمد ﷺ اور آپ ﷺ کی

اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ نُجُوْمِ السَّمٰوَاتِ

آل پر آسمانوں کے ستاروں کے برابر درود وسلام کا نزول فرما۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا

یااللہ! تو ہمارے آقا ومولیٰ محمد ﷺ اور آپ ﷺ کی آل پر

مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ كُلِّ شَيْئٍ فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ صَلَوَاتُ اللهِ تَعَالٰى

دنیا وآخرت کی ہر چیز کے برابر رحمت کاملہ اور سلامتی نازل فرما۔ اللہ تعالیٰ کی رحمتیں

وَمَلَآئِكَتِهٖ وَاَنْبِيَآئِهٖ وَرُسُلِهٖ وَجَمِيْعِ الْخَلَآئِقِ عَلٰى سَيِّدِ الْمُرْسَلِيْنَ

اور اس کے فرشتوں، نبیوں، رسولوں اور تمام مخلوقات کے درود کل رسولوں کے سردار،

وَ اِمَامِ الْمُتَّقِيْنَ وَقَآئِدِ الْغُرِّ الْمُحَجَّلِيْنَ وَشَفِيْعِ الْمُذْنِبِيْنَ سَيِّدِنَا

سب پرہیزگاروں کے امام وپیشوا نورانی اعضاء والوں کے رہبر، سب گنہگاروں کے شفیع ہمارے آقا

وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَاَزْوَاجِهٖ وَذُرِّيَّاتِهٖ وَاَهْلِ بَيْتِهٖ

ومولیٰ محمد ﷺ پر اور آپ ﷺ کی آل واصحاب، آپ ﷺ کی ازواج مطہرات، اولاد، تمام اہل بیت

وَاَهْلِ طَاعَتِكَ اَجْمَعِيْنَ مِنْ اَهْلِ السَّمٰوَاتِ وَالْاَرَضِيْنَ

اور آسمانوں اور زمینوں پر رہنے والے تیرے سب فرمانبرداروں پر ہوں تیری رحمت کے

بِرَحْمَتِكَ يَاأَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ وَ يَا أَكْرَمَ الْأَكْرَمِيْنَ وَ صَلَّى اللّٰهُ

ساتھ، اے سب مہربانوں سے بڑھ کر مہربان اور اے عزت والوں میں سب سے معزز۔

تَعَالٰى عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ اَجْمَعِيْنَ وَسَلَّمَ تَسْلِيْمًا

اور اللہ تعالیٰ ہمارے آقا محمد ﷺ پر آپ ﷺ کی تمام آل اور آپ ﷺ کے تمام اصحاب پر

دَآئِمًا أَبَدًا كَثِيْرًا وَّالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ*

ہمیشہ ہمیشہ بہت زیادہ صلوات وسلامتی نازل فرمائے اور سب تعریفیں اللہ ہی کے لیے ہیں جو رب العالمین ہے۔

نوٹ درود لکھی سلطان محمود غزنوی علیہ رحمۃ القوی روزانہ ایک لاکھ مرتبہ پڑھتے تھے۔ خواب میں نبی کریم ﷺ کی زیارت ہوئی، آپ ﷺ نے فرمایا یہ درود بعد نماز فجر ایک مرتبہ پڑھ لیا کرو تو لاکھ مرتبہ درود پڑھنے کا ثواب مل جائے گا۔ سرتاج الاولیاء سیدنا داتا گنج بخش علی ہجویری رحمۃ اللہ علیہ کا یہ پسندیدہ درود تھا، اپنے عقیدت مندوں کو یہ وظیفہ ارشاد فرمایا کرتے تھے، آپ کے آستانہ عالیہ پر اس درود کے پڑھنے سے آپ کی روح خوش ہوتی ہے اور آپ ایسی توجہ فرماتے ہیں کہ قاری کی مراد بہت جلد پوری ہو جاتی ہے۔

درودِ نجات

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

یا اللہ! تو ہمارے سردار حضرت محمد ﷺ اور آپ ﷺ کی آل پر

بِعَدَدِ كُلِّ دَآءٍ وَّ دَوَآءٍ وَّ بِعَدَدِ كُلِّ عِلَّةٍ وَّ شِفَآءٍ

ہر بیماری اور اس کی دواء نیز ہر علت اور اس کی شفاء کی تعداد کے مطابق صلوات نازل فرما

درودِ شفاء

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ طِبِّ الْقُلُوْبِ وَدَوَآئِهَا وَعَافِيَةِ

یا اللہ! تو سیدنا محمد ﷺ پر جو دلوں کے طبیب اور ان کی دوا ہیں، جسموں کے لیے عافیت

الْأَبْدَانِ وَشِفَآئِهَا وَ كَشْفِ الْأَحْزَانِ وَجَلَآئِهَا وَنُوْرِ الْأَبْصَارِ

وتندرستی اور شفاء ہیں، غموں کو زائل اور دور کرنے والے ہیں، آنکھوں کا نور

وَضِيَآئِهَا وَ عَلٰى اٰلِهٖ وَ صَحْبِهٖ وَ سَلِّمْ

اور ان کی چمک ہیں اور سیدنا محمد ﷺ کے آل واصحاب پر درود وسلام نازل فرما۔

درودِ زیارت

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَ بَارِكْ عَلٰى سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰى

یااللہ! تو ہمارے سردار حضرت محمد ﷺ اور آپ ﷺ کی آل پر درود وسلام نازل فرما اور برکتیں

اٰلِہٖ وَ اَذِقْنَا بِالصَّلٰوةِ عَلَیْہِ لَذَّةَ وِصَالِہٖ

نازل فرما اور آپ ﷺ پر درود کے وسیلہ سے آپ ﷺ کے وصال کی لذت چکھا دے۔

نوٹ: نبی کریم ﷺ کی زیارت کا متمنی شخص اس درود کی مداومت کرے۔

درودِ ہزارہ

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰى سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰى اٰلِ سَیِّدِنَا

یااللہ! تو ہمارے آقا محمد ﷺ پر اور ہمارے آقا ﷺ کی آل پر

مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ كُلِّ ذَرَّةٍ مِّائَةَ اَلْفِ اَلْفِ مَرَّةٍ وَّ بَارِكْ وَسَلِّمْ

ہر ذرہ کے عوض دس کروڑ بار درود نازل فرما اور برکت وسلامتی عطا فرما۔

نوٹ: یہ اولیاء قادریہ کا محبوب وظیفہ ہے۔

درودِ غوثیہ

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰى سَیِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ مَّعْدَنِ الْجُوْدِ وَالْكَرَمِ

یااللہ! تو کرم وسخا کی کان اور علم وحکمت کے سرچشمہ ہمارے آقا ومولیٰ حضرت محمد ﷺ پر

وَمَنْبَعِ الْعِلْمِ وَالْحِكَمِ وَعَلٰى اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلِّمْ

آپ ﷺ کی آل اور آپ ﷺ کے اصحاب پر رحمت وسلامتی نازل فرما۔

درودِ قرآنی

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰى سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ بِعَدَدِ مَافِیْ

یااللہ! تو ہمارے سردار حضرت محمد ﷺ، آپ ﷺ کی آل اور آپ ﷺ کے اصحاب پر پورے

جَمِیْعِ الْقُرْاٰنِ حَرْفًا حَرْفًا وَّ بِعَدَدِ كُلِّ حَرْفٍ اَلْفًا اَلْفًا

قرآن کے حروف کی تعداد کے مطابق اور ہر حرف کے بدلے ایک ایک ہزار کی تعداد کے مطابق صلوات نازل فرما

شیخ سید ابو صالح نصر بن سید عبد الرزاق
بن
غوث الاعظم شیخ السید عبد القادر الجیلانی رضی اللہ عنہ
کے تصنیف کردہ نایاب تحفہ مجموعہ درود و سلام سے چند منتخب درود و سلام

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ

أَوَّلِ مَنْ تَنْشَقُّ الْاَرْضُ عَنْ جُمْجُمَتِہٖ ۞

اے اللہ تو ہمارے آقا و مولیٰ محمد (ﷺ) اور آپ کی آل پر درود و سلام بھیج
جو ان تمام سے اول ہیں جن کے سروں پر سے پھٹ کر حجاب قبر الگ ہوگا

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ

أَوَّلِ مَنْ یَّظْفَرُ بِعُلُوِّ مَنْزِلَتِہٖ وَمَرْتَبَتِہٖ ۞

اے اللہ تو ہمارے آقا و مولیٰ محمد (ﷺ) اور آپ کی آل پر درود و سلام بھیج
جو ان تمام سے مقدم ہیں جو بلند منزلت اور عالی مرتبت کے ساتھ کامیاب ہوں گے

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ

أَوَّلِ مَنْ یُّؤْذَنُ لَہٗ بِرَفْعِ رَأْسِہٖ ۞

اے اللہ تو ہمارے آقا و مولیٰ محمد (ﷺ) اور آپ کی آل پر درود و سلام بھیج
جنہیں سب سے پہلے سر اٹھانے کا اذن دیا جائے گا۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

أَوَّلِ مَنْ يَّرْتَدِىْ بِرِدَآءِ الْكَرَامَةِ ۞

اے اللہ تو ہمارے آقا و مولیٰ محمد (ﷺ) اور آپ کی آل پر درود و سلام بھیج
جو سب سے پہلے کرامت کی چادر کو اوڑھیں گے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

أَوَّلِ مَنْ يُّقْضٰى لِأُمَّتِهٖ يَوْمَ الْقِيَامَةِ ۞

اے اللہ تو ہمارے آقا و مولیٰ محمد (ﷺ) اور آپ کی آل پر درود و سلام بھیج
جن کی امت کے لیے قیامت کے دن سب سے پہلے فیصلہ کیا جائے گا

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

أَوَّلِ مَنْ يُّفِيْقُ مِنَ الْخَلَآئِقِ ۞ يَوْمَ قَطْعِ الْعَلَآئِقِ ۞

اے اللہ تو ہمارے آقا و مولیٰ محمد (ﷺ) اور آپ کی آل پر درود و سلام بھیج
جو تمام رشتوں اور تعلقات کے منقطع ہونے کے دن (یعنی قیامت کو) ساری مخلوق سے
پہلے (جلال خداوندی کے ظہور پر طاری ہونے والی مدہوشی سے) افاقہ پائیں گے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

أَوَّلِ مَنْ يُّنَادٰى بِأَبِىْ وَاُمِّىْ ۞ أَيْنَ النَّبِىُّ الْاُمِّىْ ۞

اے اللہ تو ہمارے آقا و مولیٰ محمد (ﷺ) اور آپ کی آل پر درود و سلام بھیج
جنھیں سب سے پہلے پکارا جائے گا۔ میرے ماں باپ آپ پر قربان ہوں کہ نبی اُمی کہاں ہیں؟

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

أَوَّلِ مَنْ يَّبْدُوْ فِى الْمَعَادِ نُوْرُهٗ وَ جَمَالُهٗ ۞

اے اللہ تو ہمارے آقا و مولیٰ محمد (ﷺ) اور آپ کی آل پر درود و سلام بھیج
جن کا نور اور جمال قیامت کے دن سب سے پہلے ظہور فرما ہوگا۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

أَوَّلِ مَنْ يَّتَجَلّٰى لَهُ الرَّبُّ جَلَّ جَلَالُهٗ ۞

اے اللہ تو ہمارے آقا و مولیٰ محمد (ﷺ) اور آپ کی آل پر درود و سلام بھیج
جن کے لیے رب جل جلالہ خاص تجلی فرمائے گا

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

أَوَّلِ مَنْ يَّشْفَعُ لِفَصْلِ الْقَضَآءِ بَيْنَ الْعِبَادِ ۞ يَوْمَ التَّنَادِ ۞

اے اللہ تو ہمارے آقا و مولیٰ محمد (ﷺ) اور آپ کی آل پر درود و سلام بھیج
جو قیامت کے دن بندوں کے درمیان قضا کے جاری کرنے کی سب سے پہلے شفاعت فرمائیں گے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

أَوَّلِ مَنْ يَّرْتَقِىْ فِى الْغُرُفَاتِ وَالدَّرَجَاتِ ۞

اے اللہ تو ہمارے آقا و مولیٰ محمد (ﷺ) اور آپ کی آل پر درود و سلام بھیج
جو جنت کے بالا خانوں اور اس کے درجات پر سب سے پہلے چڑھیں گے

اللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

أَوَّلِ مَنْ يَّقُوْلُ فَيُسْمَعُ ۞

اے اللہ تو ہمارے آقا و مولیٰ محمد (ﷺ) اور آپ کی آل پر درود و سلام بھیج
جو سب سے پہلے بات کریں گے تو ان کی بات کو سنا جائے گا۔

اللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

أَوَّلِ مَنْ يَّشْفَعُ فَيُشَفَّعُ ۞

اے اللہ تو ہمارے آقا و مولیٰ محمد (ﷺ) اور آپ کی آل پر درود و سلام بھیج
جو سب سے پہلے شفاعت کریں گے تو آپ کی شفاعت کو قبول کیا جائے گا۔

اللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

أَوَّلِ مَنْ يَّجُوْزُ عَلَى الصِّرَاطِ بِأُمَّتِهٖ ۞

اے اللہ تو ہمارے آقا و مولیٰ محمد (ﷺ) اور آپ کی آل پر درود و سلام بھیج
جو اپنی امت کے ساتھ پل صراط پر سے سب سے پہلے گزریں گے

اللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

أَوَّلِ مَنْ تَدْخُلُ الْجَنَّةَ أُمَّتُهٗ بِشَفَاعَتِهٖ ۞

اے اللہ تو ہمارے آقا و مولیٰ محمد (ﷺ) اور آپ کی آل پر درود و سلام بھیج
جن کی امت آپ کی شفاعت کے ذریعے سب سے پہلے جنت میں داخل ہوگی

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

أَوَّلِ مَنْ يَّسْجُدُ تَحْتَ الْعَرْشِ يَوْمَ اللِّقَآءِ ۞

اے اللہ تو ہمارے آقا و مولیٰ محمد (ﷺ) اور آپ کی آل پر درود و سلام بھیج
جو قیامت کے دن عرش کے نیچے سب سے پہلے سجدہ ریز ہوں گے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

أَوَّلِ مَنْ يَّأْخُذُ بِحَلْقَةِ دَارِ الْبَقَآءِ ۞

اے اللہ تو ہمارے آقا و مولیٰ محمد (ﷺ) اور آپ کی آل پر درود و سلام بھیج
جو دارِ بقاء (جنت) کی زنجیر کو سب سے پہلے پکڑیں گے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

أَوَّلِ مَنْ يَّقْرَعُ بَابَ الْجِنَانِ ۞

اے اللہ تو ہمارے آقا و مولیٰ محمد (ﷺ) اور آپ کی آل پر درود و سلام بھیج
جو سب سے پہلے جنت کے دروازے کو کھٹکھٹائیں گے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

أَوَّلِ الْخَلْقِ قُدُوْمًا عَلٰى رِضْوَانِ ۞

اے اللہ تو ہمارے آقا و مولیٰ محمد (ﷺ) اور آپ کی آل پر درود و سلام بھیج
جو رضوانِ جنت کے پاس ساری مخلوق سے پہلے تشریف لائیں گے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

أَوَّلِ مَنْ يَّطَأُ الْفُرُشَ الْمُمَهَّدَةَ ۞

اے اللہ تو ہمارے آقا و مولیٰ محمد (ﷺ) اور آپ کی آل پر درود و سلام بھیج
جو بچھے ہوئے بستروں پر سب سے پہلے پاؤں رکھیں گے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

أَوَّلِ مَنْ تُفْتَحُ لَهُ الْقُصُوْرُ الْمُشَيَّدَةَ ۞

اے اللہ تو ہمارے آقا و مولیٰ محمد (ﷺ) اور آپ کی آل پر درود و سلام بھیج
جن کے لیے مضبوط محلات (کے دروازے) سب سے پہلے کھولے جائیں گے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

أَوَّلِ مَنْ يُّتْحَفُ بِالنِّعَمِ وَالْكَرَامَاتِ ۞

اے اللہ تو ہمارے آقا و مولیٰ محمد (ﷺ) اور آپ کی آل پر درود و سلام بھیج
جنہیں سب سے پہلے نعمتوں اور عزتوں کے تحفے دیے جائیں گے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

أَوَّلِ مَنْ يَّتَّكِئُ عَلَى الْأَرَائِكِ فِي الْجَنَّاتِ ۞

اے اللہ تو ہمارے آقا و مولیٰ محمد (ﷺ) اور آپ کی آل پر درود و سلام بھیج
جو جنتوں میں آرام دہ کرسیوں پر سب سے پہلے تکیہ کی ٹیک لگا کر بیٹھیں گے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

أَوَّلِ مَنْ يَّسْمَعُ غِنَآءَ الْحُوْرِ ۞

اے اللہ تو ہمارے آقا و مولیٰ محمد (ﷺ) اور آپ کی آل پر درود و سلام بھیج

جو سب سے پہلے حوروں کے ترانے سنیں گے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

أَوَّلِ مَنْ يَّجْلِسُ عَلٰى كُثْبَانِ الْمِسْكِ وَالْكَافُوْرِ ۞

اے اللہ تو ہمارے آقا و مولیٰ محمد (ﷺ) اور آپ کی آل پر درود و سلام بھیج

جو کستوری اور کافور کے ٹیلوں پر سب سے پہلے تشریف فرما ہوں گے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

أَوَّلِ مَنْ يَّلْبَسُ تَاجَ الْبَهَآءِ وَالْمَحَاسِنِ ۞

اے اللہ تو ہمارے آقا و مولیٰ محمد (ﷺ) اور آپ کی آل پر درود و سلام بھیج

جو رونق اور خوبیوں کا تاج سب سے پہلے پہنیں گے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

أَوَّلِ مَنْ يَّشْرَبُ مِنْ مَّآءٍ غَيْرِ اٰسِنٍ ۞

اے اللہ تو ہمارے آقا و مولیٰ محمد (ﷺ) اور آپ کی آل پر درود و سلام بھیج

جو ایسا پانی سب سے پہلے پئیں گے جو متغیر نہیں ہوگا

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ

أَوَّلِ مَنْ یَّنَالُ الْاَجْرَ وَالثَّوَابَ ۞

اے اللہ تو ہمارے آقا و مولیٰ محمد (ﷺ) اور آپ کی آل پر درود و سلام بھیج

جو اجر و ثواب سب سے پہلے پائیں گے

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ

أَوَّلِ مَنْ یُّوَفّٰی اَجْرَہٗ بِغَیْرِ حِسَابٍ ۞

اے اللہ تو ہمارے آقا و مولیٰ محمد (ﷺ) اور آپ کی آل پر درود و سلام بھیج

جنہیں بغیر حساب کے سب سے پہلے پورا پورا اجر دیا جائے گا

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ

أَوَّلِ مَنْ یَّتَقَلَّدُ قَلَآئِدَ التَّعْظِیْمِ وَالتَّکْرِیْمِ ۞

اے اللہ تو ہمارے آقا و مولیٰ محمد (ﷺ) اور آپ کی آل پر درود و سلام بھیج

جو سب سے پہلے تعظیم و تکریم کے ہار گلے میں پہنیں گے

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ

أَوَّلِ مَنْ یُّزَفُّ إِلٰی جَنَّاتِ النَّعِیْمِ الْمُقِیْمِ وَالْعِزِّ الْمُسْتَدِیْمِ ۞

اے اللہ تو ہمارے آقا و مولیٰ محمد (ﷺ) اور آپ کی آل پر درود و سلام بھیج

جنہیں سب سے پہلے دولہا بنا کر دائمی نعمتوں اور ابدی عزتوں کی جنتوں کی طرف لے جایا جائے گا۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

اَوَّلِ مَنْ اِلَيْهِ فِي الْمَعَادِ يُلْتَجٰى ۞

اے اللہ تو ہمارے آقا و مولیٰ محمد (ﷺ) اور آپ کی آل پر درود و سلام بھیج
جن کی طرف قیامت کے دن سب سے پہلے پناہ لی جائے گی۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

اَوَّلِ مَنْ تُمَدُّ اِلَيْهِ اَكُفُّ الْاٰمَالِ وَالرَّجَآءِ ۞

اے اللہ تو ہمارے آقا و مولیٰ محمد (ﷺ) اور آپ کی آل پر درود و سلام بھیج
جن کی طرف سے سب سے پہلے آرزوؤں اور امیدوں کی ہتھیلیاں بڑھائی جائیں گی

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

اَوَّلِ مَنْ تَتَطَاوَلُ اِلَيْهِ الْاَعْنَاقُ ۞ يَوْمَ يُكْشَفُ عَنْ سَاقٍ ۞

اے اللہ تو ہمارے آقا و مولیٰ محمد (ﷺ) اور آپ کی آل پر درود و سلام بھیج
جن کی طرف سب سے پہلے گردنیں دراز ہوں گی جس دن اللہ کی شان جلالی ظاہر کی جائے گی

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

اَوَّلِ مَنْ تَشْخَصُ اِلَيْهِ الْاَحْدَاقُ ۞

اے اللہ تو ہمارے آقا و مولیٰ محمد (ﷺ) اور آپ کی آل پر درود و سلام بھیج
جن کی طرف سب سے پہلے نگاہیں اٹھیں گی

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

أَوَّلِ مَنْ يَّلُوْذُ بِهِ الْقَرِيْبُ وَالْقَاصِيْ ۞
مِنْ اَهْلِ الذُّنُوْبِ وَالْمَعَاصِيْ ۞

اے اللہ تو ہمارے آقا و مولیٰ محمد (ﷺ) اور آپ کی آل پر درود وسلام بھیج

قریب وبعید گناہ گار اور عصیاں کار جن کی سب سے پہلے پناہ لیں گے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

أَوَّلِ مَنْ يُّهَيَّأُ لَهُ التَّاجُ وَالْمِنْبَرُ ۞
يَوْمَ الْقِيَامَةِ لِلْمَحْشَرِ ۞

اے اللہ تو ہمارے آقا و مولیٰ محمد (ﷺ) اور آپ کی آل پر درود وسلام بھیج

جن کے لیے قیامت کے دن میدانِ حشر میں تاجِ رفعت اور منبرِ عظمت سب سے پہلے تیار کیا جائے گا۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

أَوَّلِ مَنْ يُّخَاطِبُهُ الرَّبُّ الْغَفُوْرُ ۞
يَوْمَ يُنْفَخُ فِي الصُّوْرِ ۞

اے اللہ تو ہمارے آقا و مولیٰ محمد (ﷺ) اور آپ کی آل پر درود وسلام بھیج

جن سے ربِ غفور سب سے پہلے کلام فرمائے گا جس دن صور میں پھونکا جائے گا۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِہٖ

أَوَّلِ مَنْ یَّرٰی فِی الْمَحْشَرِ الْمَلَآئِکَۃُ ۞
بِأُمَّتِہٖ اِلَی الْجَنَّۃِ سَالِکَۃً ۞

اے اللہ تو ہمارے آقا و مولیٰ محمد (ﷺ) اور آپ کی آل پر درود و سلام بھیج
جن کی امت کو میدان حشر میں ملائکہ سب سے پہلے جنت کی طرف چلتے ہوئے دیکھیں گے

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِہٖ

أَوَّلِ مَنْ یَّرْکَبُ نَجَآئِبَ السُّرُوْرِ وَالنُّوْرِ ۞
عِنْدَ الْبَعْثِ مِنَ الْقُبُوْرِ ۞

اے اللہ تو ہمارے آقا و مولیٰ محمد (ﷺ) اور آپ کی آل پر درود و سلام بھیج
جو قبروں سے اٹھائے جانے پر سب سے پہلے سرور اور نور کی عمدہ سواریوں پر سوار ہوں گے

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِہٖ

أَوَّلِ مَنْ یَّتَمَسَّکُ الْخَلَآئِقُ بِأَذْیَالِہٖ ۞
خَوْفًا مِّنْ عَذَابِ اللّٰہِ وَنَکَالِہٖ ۞

اے اللہ تو ہمارے آقا و مولیٰ محمد (ﷺ) اور آپ کی آل پر درود و سلام بھیج
اللہ تعالیٰ کے عذاب اور سزا کے خوف کے سبب ساری
مخلوق جن کے دامانِ رحمت کو تھامے گی

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِهٖ وَسَلِّمْ

أَوَّلِ مَنْ يُحِيْطُ بِهِ الْعُصَاةُ ۞

يَوْمَ تُبَدَّلُ الْأَرْضُ غَيْرَ الْأَرْضِ وَالسَّمٰوٰتُ ۞

اے اللہ! تو ہمارے آقا و مولیٰ محمد (ﷺ) اور آپ کی آل پر درود و سلام بھیج

جن کے گرد گناہگار اس دن گھیرا ڈالیں گے جب زمین کو
دوسری حالت میں بدل دیا جائے گا اور آسمانوں کو بھی

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِهٖ وَسَلِّمْ

أَوَّلِ مَنْ يَّتَصَدَّرُ فِيْ مَحَافِلِ التَّصْدِيْرِ وَالتَّمْكِيْنِ ۞

لِتَفْرِيْجِ هُمُوْمِ الْمُذْنِبِيْنَ ۞

اے اللہ! تو ہمارے آقا و مولیٰ محمد (ﷺ) اور آپ کی آل پر درود و سلام بھیج

جو گناہگاروں کی پریشانیوں کو دور کرنے کے لیے صدارت اور قدرت
وتصرف کی محافل میں سب سے پہلے صدر نشین ہوں گے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِهٖ وَسَلِّمْ

اَوَّلِ مَنْ يَّشْرَبُ مِنْ اَنْهَارٍ
مِّنْ عَسَلٍ مُّصَفًّى ۞

اے اللہ! تو ہمارے آقا و مولیٰ محمد (ﷺ) اور آپ کی آل پر درود و سلام بھیج

جو کہ سب سے پہلے صاف ستھرے شہد کی نہروں سے نوش فرمائیں گے

اللّٰهم صل وسلم على سيدنا ومولانا محمد وعلى آله

اَوَّلِ مَنْ يَّسْأَلُ فَيُعْطٰى ۞

اے اللہ تو ہمارے آقا و مولیٰ محمد (ﷺ) اور آپ کی آل پر درود و سلام بھیج
جو سب سے پہلے اللہ سے سوال کریں گے تو آپ کو عطا کیا جائے گا

اللّٰهم صل وسلم على سيدنا ومولانا محمد وعلى آله

اَوَّلِ مَنْ تَحْتَفِلُ بِهِ الْمَحَافِلُ ۞

اے اللہ تو ہمارے آقا و مولیٰ محمد (ﷺ) اور آپ کی آل پر درود و سلام بھیج
وہ جن کیلیے سب سے پہلے محفلیں سجیں گی

اللّٰهم صل وسلم على سيدنا ومولانا محمد وعلى آله

اَوَّلِ مَنْ تَتَزَيَّنُ لَهُ الْقُبَابُ وَالْمَنَازِلُ ۞

اے اللہ تو ہمارے آقا و مولیٰ محمد (ﷺ) اور آپ کی آل پر درود و سلام بھیج
جن کے لیے سب سے پہلے قبہ جات اور منازل پیراستہ ہوں گے

اللّٰهم صل وسلم على سيدنا ومولانا محمد وعلى آله

اَوَّلِ مَنْ يُّنَاجِيْهِ الْمَلِكُ الْمَعْبُوْدُ ۞

اے اللہ تو ہمارے آقا و مولیٰ محمد (ﷺ) اور آپ کی آل پر درود و سلام بھیج
کہ سب سے پہلے جس (محبوب) کے ساتھ بادشاہ حقیقی معبود برحق ہم کلام ہوگا

اللهم صل وسلم على سيدنا ومولانا محمد وعلى آله

اَوَّلِ مَنْ یُّحْمَدُ عَلٰی مَكَارِمِ الْأَخْلَاقِ ۞
مِنْ جَمِيْعِ الْخَلْقِ عَلَى الْاِطْلَاقِ ۞

اے اللہ تو ہمارے آقا و مولیٰ محمد (ﷺ) اور آپ کی آل پر درود و سلام بھیج
جن کے اعلیٰ اخلاق پر کسی استثناء کے بغیر ساری مخلوق کی طرف سے سب سے پہلے حمد و ثنا کی جائے گی

اللهم صل وسلم على سيدنا ومولانا محمد وعلى آله

اَلَّذِیْ وُلِدَ مَدْهُوْنًا مُّعَطَّرًا ۞
طَاهِرًا مُّطَهَّرًا ۞

اے اللہ تو ہمارے آقا و مولیٰ محمد (ﷺ) اور آپ کی آل پر درود و سلام بھیج
جو اس حال میں پیدا ہوئے کہ انہیں تیل اور عطر لگا ہوا تھا۔ اور وہ طاہر و مطہر تھے

اللهم صل وسلم على سيدنا ومولانا محمد وعلى آله

اَوَّلِ مَنْ یُّثْنِیْ عَلَى اللّٰهِ بِمَا هُوَ
اَهْلُهٗ مِنَ الْكَرَمِ وَالْجُوْدِ ۞

اے اللہ تو ہمارے آقا و مولیٰ محمد (ﷺ) اور آپ کی آل پر درود و سلام بھیج
جو سب سے پہلے اللہ تعالیٰ کے جود و کرم کی ثناء کریں گے جس کا وہ اہل ہے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِهٖ وَسَلِّمْ

اَوَّلِ مَنْ تَهْتَزُّ اِلَيْهِ قُلُوْبُ الْاَكَابِرِ ۞
شَوْقًا لِّنُوْرِهِ الْبَاهِرِ ۞

اے اللہ! تو ہمارے آقا و مولیٰ محمد (ﷺ) اور آپ کی آل پر درود و سلام بھیج
جو پہلے شخص ہوں گے جن کی طرف اکابرین کے قلوب متوجہ ہوتے ہوئے
ان کے روشن نور کے شوق دیدار کی بنا پر وجد میں آ جائیں گے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِهٖ وَسَلِّمْ

اَلَّذِىْ يُنَادٰى عِنْدَ ضِيْقِ الْخَلَآئِقِ ۞
اَغِثْنَا يَا مَلَاذَ الْخَلَآئِقِ ۞

اے اللہ! تو ہمارے آقا و مولیٰ محمد (ﷺ) اور آپ کی آل پر درود و سلام بھیج
جن کو مخلوقات کی تنگی اور پریشان حالی میں ندا دی جائے گی
کہ اے مخلوق کی جائے پناہ ہماری فریاد کو پہنچ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِهٖ وَسَلِّمْ

اَوَّل مَنْ يُّثَابُ مِنَ الْمُرْسَلِيْنَ ۞
عَلٰى تَبْلِيْغِ الرِّسَالَةِ لِلْعَالَمِيْنَ ۞

اے اللہ! تو ہمارے آقا و مولیٰ محمد (ﷺ) اور آپ کی آل پر درود و سلام بھیج
جنہیں تمام جہانوں کو احکام رسالت پہنچانے پر سب رسولوں سے پہلے ثواب دیا جائے گا

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

اَوَّلِ مَنْ يُّجَازِيْهِ اللهُ سُبْحَانَهُ ۞
عَلٰى تَبْلِيْغِ الْاَمَانَةِ ۞

اے اللہ تو ہمارے آقا و مولیٰ محمد (ﷺ) اور آپ کی آل پر درود و سلام بھیج

جو ان سب سے اول اور سابق ہیں جنہیں اللہ سبحانہ امانت کے ادا کرنے پر جزا عطا فرمائے گا۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

اَوْضَحِ النَّاسِ بُرْهَانًا ۞
اَكْثَرِ الْخَلْقِ عِرْفَانًا ۞

اے اللہ تو ہمارے آقا و مولیٰ محمد (ﷺ) اور آپ کی آل پر درود و سلام بھیج

جو سب سے واضح برہان والے ہیں۔ جو سب سے زیادہ عرفان والے ہیں

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

اَلَّذِىْ جَعَلَ اللهُ اَصْحَابَهُ الْاَبْرَارَ ۞
رُحَمَآءَ بَيْنَهُمْ اَشِدَّآءَ عَلَى الْكُفَّارِ ۞

اے اللہ تو ہمارے آقا و مولیٰ محمد (ﷺ) اور آپ کی آل پر درود و سلام بھیج

جس آقا کے اصحاب ابرار کو اللہ تعالیٰ نے آپس میں رحیم و مہربان، کفار پر سخت اور شدید بنایا

اللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِهٖ

أَوَّلِ مَنْ تَطِيْرُ بِهٖ مَلٰئِكَةُ الْجِنَانِ ۞

بِأَجْنِحَةٍ مُّرَصَّعَةٍ مِّنَ الدُّرِّ وَ الْمَرْجَانِ ۞

اے اللہ تو ہمارے آقا و مولیٰ محمد (ﷺ) اور آپ کی آل پر درود و سلام بھیج

جنہیں جنت کے فرشتے موتیوں اور مرجان سے مرصع

پروں پر (بٹھا کر) سب سے پہلے سیر کرائیں گے

اللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِهٖ

أَوَّلِ مَنْ يُّلْحَقُ بِكَمَالِ قُرْبِهٖ وَأُنْسِهٖ ۞

اے اللہ تو ہمارے آقا و مولیٰ محمد (ﷺ) اور آپ کی آل پر درود و سلام بھیج

جنہیں سب سے پہلے اللہ کے کمالِ قُرب و اُنس کے ساتھ لاحق کیا جائے گا۔

اللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِهٖ

صَلَاةً تُطَهِّرُ لَنَا بِهَا الْبَاطِنَ وَالظَّاهِرَ ۞

يَا طَيِّبُ يَا طَاهِرُ ۞

اے اللہ تو ہمارے آقا و مولیٰ محمد (ﷺ) اور آپ کی آل پر درود و سلام بھیج

جس صلاۃ کے طفیل تو ہمارے ظاہر و باطن کو پاک فرمائے اے طیب و طاہر

اللهم صل وسلم علی سیدنا ومولانا محمد وعلی آل سیدنا ومولانا محمد

صَلَاةً تُعِيْذُنَا بِهَا مِنْ شَرِّ كُلِّ كَذَّابٍ اَشِرٍ ۞
يَا قَادِرُ يَا مُقْتَدِرُ ۞

اے اللہ تو ہمارے آقا و مولیٰ محمد (ﷺ) اور آپ کی آل پر درود و سلام بھیج

جس صلاۃ کے طفیل تو ہمیں ہر بڑے جھوٹے اور خود پسند اور متکبر
کے شر سے بچائے اے صاحب قدرت اور حقیقی اقتدار کے مالک !

برائے ایصالِ ثواب

نوجوان باعمل عالم دین
حضرت مولانا

حافظ محمد طاہر اشرف رحمۃ اللہ علیہ

بن

حضرت مولانا قاری محمد عرفان اللہ اشرفی

جو عین عنفوانِ شباب میں ہم سے جدا ہو گئے

إنا لله وإنا إليه راجعون

جو نیکی، تقویٰ، متانت، شرافت کا مرقع، علم و عرفان، ذہانت و لطافت اور پاکیزگی و طہارت کا مجسمہ تھے

• • •

قارئین کرام! اپنی پرنور دعاؤں میں ان کو ضرور یاد رکھیے اور ان کے علوِ مرتبت اور بلندیٔ درجات کے لیے دعائے خیر فرما دیجیے۔۔ شکریہ

• • •

محمد منور نورانی
munawarnoorani786@gmail.com

محمد مظاہر اشرف
mmazahirashraf@gmail.com